RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۵ ذی الحجہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۲۷ نومبر ۱۹۱۱ء	نمبر ۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابت اعلان و تقسیم اشتہار میلہ بادشاہی دہلی	۱ و ۲
۲	تقررات بسلسلہ انتظام جلے بادر پرشاد متوفی	۲
۳	علاوے اختیارات خیر سامان لشکر سابق تادہ روپیہ ...	۲
۴	رخصت واحد علی اہلمد بندوبست	۲
۵	رخصت رحمت اللہ رجسٹرار قانون گوے	۲
۶	نقشہ حیات و ممات ۔ نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ
۷	اشتہار میلہ بادشاہی	[illegible]

محکمہ عالیہ دار الانشا حکم اجلاس اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۲۱ نومبر ۱۹۱۱ء

بقایہ تشہیر مضمون اشتہارات میلہ بادشاہی بمقام دہلی

حکم ہوا کہ

اشتہارات مطبوعہ منسلکہ ہذا صیغہ جات ذیل میں بغرض اطلاع و اعلان بھیجے جائیں پولیس سے ایک ایک پرت ہر تھانہ میں

ا ور دس پرت ذریعہ کوتوالی عام گذرگاہون پر واسطے اعلان کے
لگا دئے جائین تحصیلات مین ایک ایک پرت روانہ تحصیل پر
لگا دیا جاوے اور شہر و تحصیلات و تہانہ جات کے صدر مین باواز بلند ہی
عام اعلان کر دیا جاوے تہانہ جات ۱۶ دفتر پولیس تحصیلات ۱۲
مطبع سرکار بغرض انطباع ایک مطبع دبدبہ سکندری بغرض طبع دفتر صاحب چیف سکرٹری بہادر ایک
دفتر صاحب ریونیو سکرٹری بہادر دفتر صاحب ہوم سکرٹری بہادر دفتر ۲ بغرض چسپانگی
گذرگاہون شہر کے دفتر صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر دفتر صاحب اپیل ہوم سکرٹری بہادر ایک
دفتر جنرل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج۔ ایک

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر واقع ۱۱ نومبر ۱۹۱۱ء

مثبتہ ناصیہ رپورٹ رسالدار صدر درباب اطلاع فوتی مسمی رام پرشاد
اہلمد سررشتہ مشاہرہ دار ماہانہ ؏ روپیہ ماہوار ۷ نومبر سنہ حال

یہ کاغذات پیش ہوے رام پرشاد اہلمد سررشتہ رسالدار صاحب صدر
مشاہرہ دار ماہانہ ؏ روپیہ ماہوار ۷ نومبر سنہ حال کو فوت ہو گیا ہے
لہذا حکم ہوا کہ تاریخ فوتی سے رام پرشاد کا نام خارج ہو اور بجاے اوسکے
مسمی ماتا پرشاد اہلمد محافظ خانہ حسب رائے حاکم صاحب صدر
ورسالدار صدر باضافہ دو روپیہ ماہوار یعنی ؏ روپیہ ماہوار چہ ماہ کیواسطے
امتحاناً سررشتہ رسالدار صاحب صدر مین تبدیل ہو اور بجاے ماتا پرشاد
مسمی محمود علیخان امیدوار امتحاناً چہ ماہ کیواسطے بمشاہرہ ماہانہ ؏ روپیہ ماہوار
مقرر ہون اس زمانہ مین کام اہلمدان نے اچھا کیا تو مستقل کر دیے جاینگے
صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر واقع ۱۶ نومبر ۱۹۱۱ء

مثبتہ عرضداشت اجلاس ہذا درباره عطاے
اختیار خرید اشیاے مصارف کارخانہ شکر سازی
قیمتی دس روپیہ بنیجر صاحب بہادر کارخانہ شکر سازی
حسب منظوری اجلاس عالی حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
بمنشاے حکم بندگان عالی حضور معلی دام اقبالہم وملکہم احکام ضابطہ
جاری ہون ایک نقل درج گزٹ بھی ہو سررشتہ آڈٹ کو بھی اطلاع دیجائے
صاحب منیجر بہادر کو یہ بھی لکھا جائے کہ جسقدر سامان خرید کرین ہفتہ وار
اوسکی فہرست معہ قیمت بغرض اطلاع بھیجتے رہین۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۱۶ نومبر سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست واحد علی اہلمد بندوبست کی
رخصت مزید پندرہ یوم ۱۱ نومبر سنہ ۱۹۱۱ء سے منظور ہوئی آیندہ اگر
رخصت بوجہ علالت چاہی جائیگی تو اوسکے ہمراہ معالج کی تصدیق
ضروری ہوگی۔

۱۹ نومبر سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست رخصت یکماہ رحمت اللہ
رجسٹرار قانون گوے تحصیل سوار بوضع تنخواہ من ابتداء یکم نومبر سنہ ۱۹۱۱ء
بذمہ داری نائب رجسٹرار منظور ہوگئی۔

مطبوعہ مطبع ریاست رامپور

ضمیمہ گزٹ ریاست رامپور

میلہ بادشاہی بمقام دہلی

میلہ میں آنے والون کی اطلاع کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ اب میلہ کمیٹی آیندہ کیمپ لگانیکا ذمہ نہیں لے سکتی۔ لیکن کمیٹی نے معتبر ٹھیکہ دارون سے انتظام کیا ہے کہ وہ اشیاء ضروری اور سایہ وغیرہ کا سامان جائے میلہ میں جمع رکھیں تاکہ میلہ میں آنے والے یہان آکر براہ راست اُنسے خرید سکیں۔
جو نرخ ذیل میں درج ہین وہ کرایہ کل ایام میلہ کا ہے۔ سوائے اُسکے جسکی بابت خاص طور پر درج کر دیا گیا ہے بعض اشیا تھوڑی سی ازادی قیمت پر خرید ہو سکتی ہین۔ اور یہ بھی ہر شے کے سامنے درج کر دیا گیا ہے۔ یہ نرخ بلحاظ ازادی قیمت بوجہ دربار بہت مناسب ہین۔ اور امید کیجاتی ہے کہ اس انتظام سے میلہ میں آنیوالون کو بہت تکلیف نہ ہو جاویگی۔

نمبر	نام اشیار	کرایہ	کیفیت
۱	چارپائی	عہ کل ایام میلہ ۲ر فی یوم	۲ر سے ۳ر فی چارپائی ارزان قیمت پر خرید ہو سکتی ہین
۲	چٹائی	۲ر فیصدی مربع فٹ	
۳	جافری	سے ر فیصدی مربع فٹ	۸ر فیصدی ازادی قیمت سے خرید ہو سکتی ہین
۴	بلی ۳ انچہ قطر	عسہ فی کوڑی	یہ قیمت ہے کرایہ نہیں ہے۔
	۴ انچہ قطر	عسہ فی کوڑی	
	۵ انچہ قطر	للعسہ فی کوڑی	
۵	بانس	عہ لغایت عسہ فی کوڑی	
۶	سنج چوبی ½ ہفت طلبی ۲½ انچہ قطر	عسہ فیصدی	
۷	رسی مونجھ	عہ ر فی من	

نمبر	نام اشیار	کرایہ	کیفیت
۸	چولداری	۱۲ر فی ۲۵ مربع فٹ رقبہ	
۹	نالیدار ٹین کا شیڈ	للعہ فی ۲۵ مربع فٹ رقبہ	اگر صرف نالیدار چادر خرید لیجاوے تو للعہ فی من مل سکتی ہے
۱۰	چھپر	۱۰ر فی ۲۵ مربع فٹ رقبہ	
۱۱	کپڑے کا سایہ بلا دیوار	۸ر فی ۲۵ مربع فٹ رقبہ	
۱۲	کپڑے کا سایہ مع دیوار کے یا جھانپ	۱۲ر فی ۲۵ مربع فٹ رقبہ	
۱۳	سرکی کی جوڑیاں	۳ر سے ۸ر فی جوڑہ	
۱۴	مٹکے	۲ر فی عدد	
۱۵	خشت	سے ر فیصدی	
۱۶	لنگر خانے	۲ر مربع فٹ رقبہ	
۱۷	جنگلہ تار	عیو فیصدی فٹ طول عسہ فیصدی فٹ قیمت بازادی للعہ	

مندرجہ بالا اشیار میلہ میں آنے پر مل سکتی ہین باستثنائے چولداری نالیدار چادر کا شیڈ چھپر اور لنگر خانون کے جو ۱۲ نومبر ۱۹۱۱ء تک [illegible] تیار ہو سکتی ہین

المشتہران

کپتان سوپ وتھ صاحب سکرٹری
ایگزیکٹو انجنیر

واسودیو داس و محمد خورشید مرزا جائنٹ سکرٹریان
اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر

نقشہ حیات وممات متعلقہ ریاست رامپور بابت ماہ اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد ہندو	تفصیل پیدائش: عورت مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت ہندو	تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک مرد	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک عورت	تفصیل فوتی: ۵ سال سے ۱۲ سال تک مرد	تفصیل فوتی: ۵ سال سے ۱۲ سال تک عورت	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ مرد	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ عورت	تفصیل فوتی: میزان مرد	تفصیل فوتی: میزان عورت	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	تفصیل امراض: چیچک	تفصیل امراض: تپ	تفصیل امراض: متفرق	تفصیل امراض: مارگزیدہ	تفصیل امراض: سگ گزیدہ یا دیوانے کتے کے کاٹنے سے	تفصیل امراض: طاعون	میزان ازخانہ ۱۹ لغایت ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۵	۸	۲۴	۹	۶۶	۴۹	۱۷	۲۴	۲۱	۴	۷	۳۱	۲۷	۵۹	۵۵	۹۴	۲۰	۴۷	۱	۰	۶۵	۱	۰	۰	۱۱۴	
گنج	۲۰	۴	۱۳	۷	۴۴	۳۳	۱۱	۲۵	۱۱	۲	۱	۴۷	۲۸	۷۴	۴۲	۹۸	۱۸	۳۶	۰	۰	۷۹	۱	۰	۰	۱۱۶	
حوالی شہر	۴	۷	۲	۸	۲۱	۶	۱۵	۰	۰	۱	۲	۴	۳	۵	۵	۴	۶	۱	۰	۰	۹	۰	۰	۰	۱۰	
عظیم نگر	۱۹	۱۲	۷	۱۰	۴۸	۲۶	۲۲	۴	۶	۳	۴	۱۶	۷	۲۳	۱۷	۲۹	۱۱	۰	۰	۴۰	۰	۰	۰	۰	۴۰	
شاہ آباد	۲۱	۴۹	۱۰	۵۰	۱۳۰	۳۱	۹۹	۱۱	۱۰	۰	۲	۱۹	۱۹	۳۰	۳۱	۱۶	۴۵	۰	۰	۶۰	۱	۰	۰	۰	۶۱	
پٹوائی	۱۰	۳۰	۹	۲۸	۷۷	۱۹	۵۸	۲	۳	۱	۲	۱۴	۷	۱۷	۱۲	۷	۲۲	۰	۰	۲۷	۲	۰	۰	۰	۲۹	
ملک	۱۵	۶۰	۱۰	۴۰	۱۲۵	۲۵	۱۰۰	۱۵	۱۲	۳	۲	۳۴	۲۹	۲۵	۴۳	۱۸	۷۷	۰	۰	۰	۹۳	۲	۰	۰	۹۵	
بلاسپور	۲۸	۳۱	۲۵	۲۲	۱۰۶	۵۳	۵۳	۹	۶	۳	۵	۲۸	۹	۴۰	۲۰	۲۷	۳۳	۰	۰	۰	۶۰	۰	۰	۰	۶۰	
کیمری	۲۳	۴۲	۲۱	۳۶	۱۲۲	۴۴	۷۸	۱۰	۹	۶	۸	۴۲	۲۷	۵۸	۴۴	۴۶	۵۶	۰	۷	۹۰	۰	۳	۲	۰	۱۰۲	
سوار	۲۲	۱۴	۶	۲۴	۶۶	۲۸	۳۸	۸	۹	۲	۱	۱۶	۱۳	۲۶	۲۳	۲۴	۲۵	۰	۱	۲۷	۲۰	۱	۰	۰	۴۹	
ٹانڈہ	۲۷	۲۳	۱۸	۱۵	۸۳	۴۵	۳۸	۹	۸	۸	۳	۱۶	۲۰	۳۳	۳۱	۴۱	۲۳	۲	۳	۵۷	۱	۱	۰	۰	۶۴	
میزان	۲۱۴	۲۸۰	۱۴۵	۲۴۹	۸۸۸	۳۵۹	۵۲۹	۱۱۷	۹۵	۳۳	۳۷	۲۶۷	۱۸۹	۴۱۷	۳۲۳	۴۰۴	۳۳۶	۸۶	۱۲	۳۰۱	۳۳۰	۹	۲	۰	۷۴۰	

پریس ریاست رامپور

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۲۰ نومبر لغایت ۲۶ نومبر ۱۹۱۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۰	۰	۱۲ ۰ سار	۱۱ ۰ سار	۱۲ سار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نرخنامہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۰	۰	۱۵ سار	۱۳ سار	۱۵ سار	
نخود کسہ بینہ	۰	۰	۰	۱۵ ۰ سار	۱۴ سار	۱۶ ۰ سار	
کسنہ	۰	۰	۰	۰	۱۵ سار	۱۷ سار	
ماش	۰	۰	۰	۹ سار	۸ ۰ سار	۸ سار	
مونگ	۰	۰	۰	۰	[illegible] سار	۹ سار	
مکا	۰	۰	۰	۲۰ سار	۱۸ سار	۱۷ ۰ سار	
جنئی	۰	۰	۰	۱۸ سار	۱۸ سار	۲۰ سار	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۱۸ سار	۱۴ ۰ سار	
عدس	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ارہر	۰	۰	۰	۱۵ سار	۰	۱۵ سار	
برنج	۰	۰	۰	۷ ۰ سار	۷ ۰ سار	۷ سار	
روغن زرد	۰	۰	۰	[illegible] سار	[illegible] سار	[illegible] سار	
روغن سیاہ	۰	۰	۰	۲ سار	۲ سار	۲ سار	
روغن کنجد	۰	۰	۰	۰	۱ ۰ سار	۰	
نمک سانبھر	۰	۰	۰	۱۳ سار	۱۴ سار	۱۶ سار	
نمک لاہوری	۰	۰	۰	۰	۱۲ سار	۱۲ سار	
قند سیاہ	۰	۰	۰	۵ ۰ سار	۶ سار	۵ سار	
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور